جملہ حقوق بحق ادارہ محفوظ ہیں۔

اس کتاب کو یا اس کے کسی بھی حصّے، لے آؤٹ، مرکزی خیال اور انداز تحریر کو ادارے کی پیشگی اجازت کے بغیر کسی بھی حالت میں نہ تو شائع کیا جاسکتا ہے اور نہ ہی نقل کیا جاسکتا ہے۔ ادارہ اس کی خلاف ورزی کرنے والے کے خلاف قانونی کارروائی کا حق محفوظ رکھتا ہے۔

AtlanticKids

# اردو

## کی کتاب

## 3

...Since 1987

بولتی کتابیں®

Javed Publishers®

Licensed exclusively to publish in Pakistan.
2-Outfall Road, Lahore-Pakistan. +92 42 37239505
www.javedpublishers.com
Text copyright reserved with the publisher
Illustration copyright © 2020 Qaba Enterprises
All rights reserved
Manufactured in Lahore-Pakistan

سبق 1

# حمد

## مشق

**1** سوالوں کے جواب دیں۔

ا زمین و آسمان کا مالک کون ہے؟

جواب: زمین و آسمان کا مالک اللہ تعالیٰ ہے۔

ب اللہ تعالیٰ کی قدرت کے نظّارے کہاں کہاں نظر آتے ہیں؟

جواب: زمین، آسمان، دنیا، جہان، چاند، تارے حتیٰ کہ پوری کائنات میں اللہ تعالیٰ کی قدرت کے نظارے نظر آتے ہیں۔

ج بھولے بھٹکوں کا رہنما کون ہے؟

جواب: بھولے بھٹکوں کا رہنما اللہ تعالیٰ ہے۔

د ہم کس کے آگے سر جھکاتے ہیں؟

جواب: ہم اللہ تعالیٰ کے آگے سر جھکاتے ہیں۔

ہ اس حمد کے شاعر کا نام لکھیں۔

جواب: صوفی غلام مصطفیٰ تبسّم۔

**2** حمد کے مطابق مصرعے مکمل کریں۔

ا تو ___زمین___ آسمان کا مالک

ب تیری قدرت کے سب ___نظارے___ ہیں

ج نا اُمیدوں کا ___آسرا___ تو ہے

د تیرے آگے ہی سر ___جھکاتے___ ہیں

ہ تجھ سے دل کی ___مراد___ پاتے ہیں

**3** دیے گئے الفاظ کے حروف الگ الگ کر کے لکھیں۔

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بھولے | بھ | و | ل | ے | تارے | ت | ا | ر | ے |
| مراد | م | ر | ا | د | مالک | م | ا | ل | ک |

**4** دیے گئے الفاظ کے جملے بنائیں۔

| | |
|---|---|
| آسمان | آسمان پر ستارے چمک رہے ہیں۔ |
| چاند | شوال کا چاند نظر آتے ہی مسلمان عید کی تیاریوں میں مصروف ہو جاتے ہیں۔ |
| دُکھ | میرا دوست بلال ہر دکھ میں میرا ساتھ دیتا ہے۔ |
| نا اُمید | ہمیں اللہ تعالیٰ کی رحمت سے کبھی نا امید نہیں ہونا چاہیے۔ |
| قدرت | دنیا اللہ تعالیٰ کی قدرت کا حسین نمونہ ہے۔ |

## قواعدِ زبان

ان الفاظ کو الف بائی ترتیب سے لکھیں۔

| الفاظ | قانون | گھر | اصول | قوانین | احترام | گاڑیاں |
|---|---|---|---|---|---|---|
| الف بائی ترتیب | احترام | اصول | قانون | قوانین | گاڑیاں | گھر |

سبق **2**

# نَعتُ

## مشق

**1** سوالوں کے جواب دیں۔

ا وہ کون سا اِسم ہے جس کو سُننے سے جان و دل میں محبّت بھر جاتی ہے؟

**جواب:** اسم ''محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ'' وہ اسم ہے جس کو سننے سے جان و دل میں محبت بھر جاتی ہے۔

ب دونوں جہانوں کے شہنشاہِ اعلیٰ کون ہیں؟

**جواب:** حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ دونوں جہانوں کے شہنشاہِ اعلیٰ ہیں۔

ج حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ کے در سے کون خالی نہ گیا؟

**جواب:** حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ کے در سے کوئی سوالی خالی نہ گیا۔

د حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ کہاں سے وحی لے کر آئے؟

**جواب:** غارِ حرا سے۔

ہ اس نعت کی شاعرہ کا نام لکھیں۔

**جواب:** صائمہ کامران۔

**2** نعت کے مطابق مصرعے مکمل کریں۔

ا وہ غارِ حرا سے وحی لے کر آئے

- آسمان
- جنّت
- غارِ حرا
- غارِ ثور

ب وہ جب اپنے ہونٹوں پر قرآن لائے

- بات
- قرآن
- نَعت
- حَمد

ج وہ دونوں جہانوں کے شہنشاہِ اعلیٰ

- شہنشاہِ
- حق
- عقیدت
- بادشاہ

د غریبوں کی خاطر خوشی لے کر آئے

- امیروں
- غریبوں
- نیکوں
- محتاجوں

**3** دیے گئے الفاظ کے جملے بنائیں۔

| | |
|---|---|
| وحی | حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ پر پہلی وحی غارِ حرا میں نازل ہوئی۔ |
| ایمان | توحید پر ایمان لائے بغیر کوئی شخص مسلمان نہیں ہوسکتا۔ |
| خوشی | احسان کو اپنے چھوٹے بھائی کے کلاس میں اوّل آنے پر بہت خوشی ہوئی۔ |
| بہادر | علی ایک بہادر لڑکا ہے۔ |
| نیک | اللہ تعالیٰ نے قرآنِ مجید میں نیک راہ پر چلنے کی ہدایت دی ہے۔ |

**4** دیے گئے الفاظ کی مدد سے حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ کے بارے میں پانچ جملے اپنی کاپی میں لکھیں۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| آخری نبی | ربیع الاوّل | والد اور والدہ کا نام | دادا کا نام | چچا کا نام |

حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ اللہ تعالیٰ کے آخری نبی ہیں۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ۱۲ ربیع الاوّل کو مکہ مکرمہ میں پیدا ہوئے۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے والد کا نام حضرت عبداللہ اور والدہ کا نام حضرت بی بی آمنہ تھا۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دادا کا نام حضرت عبدالمطلب تھا۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چچا کا نام حضرت ابو طالب تھا۔

## قواعدِ زبان

دیے گئے الفاظ کے مترادف الفاظ لکھیں۔

| الفاظ | مترادف الفاظ | الفاظ | مترادف الفاظ |
|---|---|---|---|
| شجر | درخت | آرام | سکون |
| اُونچا | بلند | حُسن | خوب صورتی |
| دُکھ | تکلیف | پرچم | جھنڈا |

سبق 3

# ہمارے پیارے نبی حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ

## مشق

1 سوالوں کے جواب دیں۔

ا "رحمت اللعالمین" کا کیا مطلب ہے؟

جواب: رحمت اللعالمین کا مطلب ہے "تمام جہانوں کے لیے رحمت۔"

ب حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ بچّوں سے کیسا سلوک فرماتے تھے؟

جواب: ہمارے پیارے نبی حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ کو بچّوں سے بے حد لگاؤ تھا۔ آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ کو پیدل چلتے ہوئے راستے میں اگر کوئی بچّہ مل جاتا تو آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ اُسے کندھے پر بٹھا لیتے تھے۔
آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ بچّوں کو پیار کرتے اور نہایت شفقت سے اُن کی تربیت فرماتے تھے۔

ج غلاموں کے ساتھ سلوک کے بارے میں حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ نے کیا فرمایا؟

جواب: حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ کا حُسنِ سلوک غلاموں کے لیے بھی تھا۔ آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ نے فرمایا کہ:
"غلام تمھارے بھائی ہیں، جو خود کھاؤ وہی غلاموں کو کھلاؤ اور جو خود پہنو وہی غلاموں کو پہناؤ۔"

د یتیم کی پرورش کرنے والے کے بارے میں حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ نے کیا فرمایا؟

جواب: آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ نے یتیم کی پرورش کرنے کی فضیلت اِس انداز میں بیان فرمائی کہ
آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ نے اپنی شہادت کی اُنگلی اور درمیانی اُنگلی کو بُلند کر کے فرمایا: "میں اور یتیم کی کفالت کرنے والا شخص جنّت میں اِس طرح ہوں گے جس طرح یہ دونوں اُنگلیاں ایک ساتھ ہیں۔"

ہ حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ کیسی غذا پسند فرماتے تھے؟

جواب: حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ سادہ غذا پسند فرماتے تھے۔

**2** خالی جگہ پُر کریں۔

ا حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم اللہ تعالیٰ کے آخری ___نبی___ ہیں۔

ب حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم نہایت ___خوش اخلاق___ اور نرم دل انسان تھے۔

ج لوگ حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم کو ___صادق___ اور ___امین___ کے القاب سے پکارتے تھے۔

د حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم کو ___بچوں___ سے بے حد لگاؤ تھا۔

ہ حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم تمام ___انسانوں___ کو برابر سمجھتے تھے۔

**3** درست جملے پر (✓) اور غلط جملے پر (✗) کا نشان لگائیں۔

ا حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم ہمیشہ دوسروں کا خیال رکھتے تھے۔ ✓

ب حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم صرف انسانوں پر مہربان تھے۔ ✗

ج لوگ حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم کو ''رحمت اللعالمین'' کے لقب سے پکارتے تھے۔ ✗

د حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم کبھی کھانے میں نقص نہیں نکالتے تھے۔ ✓

ہ حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم کا حُسنِ سلوک غلاموں کے لیے بھی تھا۔ ✓

**4** دیے گئے الفاظ کے جملے بنائیں۔

| | |
|---|---|
| سچ | ہمیں ہمیشہ سچ بولنا چاہیے۔ |
| خوش اخلاق | زاہد بہت خوش اخلاق بچہ ہے۔ |
| تربیت | احمد نے اپنے بچے کی بہت اچھی تربیت کی۔ |
| محنت | اللہ تعالیٰ محنت کرنے والوں کو پسند کرتا ہے۔ |
| اُمت | حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم نے اپنی امت کو جھوٹ بولنے سے منع فرمایا۔ |

# قواعدِ زبان

دیے گئے جُملوں میں "ہے" کی جگہ "تھا" یا "تھی" لگا کر جملے دوبارہ لکھیں۔

ا علی اچّھا کھیلتا ہے۔

علی اچھا کھیلتا تھا۔

ب پنکھا چل رہا ہے۔

پنکھا چلتا تھا۔

ج احمد کتاب پڑھ رہا ہے۔

احمد کتاب پڑھتا تھا۔

د گاڑی تیز چل رہی ہے۔

گاڑی تیز چلتی تھی۔

ان جملوں کے آخر میں "گا" لگا کر جملے دوبارہ لکھیں۔

ا علی کرکٹ کھیلے

علی کرکٹ کھیلے گا۔

ب اسلم کل لاہور جائے

اسلم کل لاہور جائے گا۔

ج احمد کھانا کھائے

احمد کھانا کھائے گا۔

د عابد سکول جائے

عابد سکول جائے گا۔

سبق 4

# خوش اخلاقی

## مشق

**1** سوالوں کے جواب دیں۔

ا زاہد کیسے مزاج کا بچّہ تھا؟

جواب: زاہد نہایت ضدّی بچہ تھا۔

ب بچوں نے زاہد سے بات کرنا کیوں چھوڑ دی؟

جواب: کیوں کہ زاہد سب سے بد تمیزی کرتا تھا۔

ج عامر کی کون سی عادت اچھی تھی؟

جواب: عامر بہت خوش اخلاق بچہ تھا۔ ہر ایک سے مسکرا کر بات کرتا اور سب کو اپنا دوست بنا لیتا تھا۔

د عامر کے دادا جان نے اُسے کیا سمجھایا تھا؟

جواب: عامر کے داداجان نے اُسے سمجھایا تھا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: ”تم میں سب سے اچھاوہ ہے جس کا اخلاق اچھاہے۔“

**2** خالی جگہ پُر کریں۔

ا زاہد ___اکیلے___ بیٹھ کر اپنا لنچ کرتا تھا۔

ب عامر بہت ___خوش اخلاق___ بچّہ تھا۔

ج زاہد عامر کی طرح سب سے ___دوستی___ کرنا چاہتا تھا۔

**3** درست جملے پر (✓) اور غلط جملے پر (✗) کا نشان لگائیں۔

ا زاہد بہت خوش اخلاق بچہ تھا۔ ✗

ب زاہد ہر ایک کو غصّے سے جواب دیتا تھا۔ ✓

ج زاہد سب کے ساتھ مل کر کھیلتا تھا۔ ✗

## قواعدِ زبان

دیے گئے جملوں کو فعل ماضی میں تبدیل کریں۔

ا پرندہ اُڑتا ہے۔

پرندہ اُڑتا تھا۔

ب ڈاکٹر علاج کرتا ہے۔

ڈاکٹر علاج کرتا تھا۔

ج چڑیا کے دو بچّے ہیں۔

چڑیا کے دو بچے تھے۔

د بلال خط لکھتا ہے۔

بلال خط لکھتا تھا۔

ہ سارہ کتاب پڑھتی ہے۔

سارہ کتاب پڑھتی تھی۔

و میں سکول جاتا ہوں۔

میں سکول جاتا تھا۔

سبق 5

# شاعرِ مشرق

## مشق

**1** سوالوں کے جواب دیں۔

ا علامہ محمد اقبال رَحمَۃُ اللہِ تعَالیٰ عَلَیْہ اپنے اساتذہ کے ساتھ کیسے پیش آتے تھے؟

جواب: علامہ محمد اقبال رَحمَۃُ اللہِ تعَالیٰ عَلَیْہ اپنے اساتذہ کی عزت کرتے تھے۔

ب علامہ محمد اقبال رَحمَۃُ اللہِ تعَالیٰ عَلَیْہ کا خواب کیا تھا؟

جواب: ہمارا پاکستان علامہ محمد اقبال رَحمَۃُ اللہِ تعَالیٰ عَلَیْہ کا خواب تھا۔

ج علامہ محمد اقبال رَحمَۃُ اللہِ تعَالیٰ عَلَیْہ دنیا کے تمام مسلمانوں کے بارے میں کیا سوچتے تھے؟

جواب: علامہ محمد اقبال رَحمَۃُ اللہِ تعَالیٰ عَلَیْہ کی خواہش تھی کہ دنیا کے تمام مسلمان آپس میں ایک مضبوط قوم بن کر رہیں۔وہ کہتے تھے کہ جب ہمارا خدا، رسول صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمْ اور قرآن ایک ہے تو ہم سب کو بھی ایک ہونا چاہیے۔

د علامہ محمد اقبال رَحمَۃُ اللہِ تعَالیٰ عَلَیْہ کا کوئی ایک شعر لکھیں۔

جواب: ہر جگہ میرے چمکنے سے اُجالا ہو جائے
ہو میرے دم سے یونہی میرے وطن کی زینت

**2** خالی جگہ پُر کریں۔

ا علامہ محمد اقبال رَحمَۃُ اللہِ تعَالیٰ عَلَیْہ ___سیالکوٹ___ میں پیدا ہوئے۔

ب علامہ محمد اقبال رَحمَۃُ اللہِ تعَالیٰ عَلَیْہ کو مسلمانوں سے بہت ___ہمدردی___ تھی۔

ج علامہ محمد اقبال رَحمَۃُ اللہِ تعَالیٰ عَلَیْہ کی خواہش تھی کہ مسلمان دوبارہ ___عروج___ حاصل کریں۔

د علامہ محمد اقبال رَحمَۃُ اللہِ تَعالیٰ عَلَیہ نے بچوں کی تعلیم و تربیت پر بڑا زور دیا۔

ہ مسلمانوں کی ترقی کا راز ان کے اتحاد میں ہے۔

**3** درست املا والے الفاظ کے گرد دائرہ لگائیں۔

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عکیدت | عقیدت | ہمدردی | ھمدردی | مظبوط | مضبوط | عیہد | عہد |

**4** دیے گئے الفاظ کے جملے بنائیں۔

| | |
|---|---|
| ہمدردی | علامہ محمد اقبال رَحمَۃُ اللہِ تَعالیٰ عَلَیہ کو مسلمانوں سے بہت ہمدردی تھی۔ |
| آزادی | آزادی ایک بہت بڑی نعمت ہے۔ |
| ترقی | مسلمانوں کی ترقی کا راز ان کے اتحاد میں ہے۔ |
| توجہ | بڑے بھائی نے چھوٹے بھائی کو توجہ سے پڑھنے کی نصیحت کی۔ |
| اتحاد | اتحاد میں برکت ہے۔ |

## قواعدِ زبان

فعل ماضی کے جملوں کو فعل حال میں تبدیل کریں۔

ا آسیہ کھیلتی تھی۔

آسیہ کھیلتی ہے۔

ب ڈاکیا خط لایا تھا۔

ڈاکیا خط لایا ہے۔

ج احمد کمرے میں تھا۔

احمد کمرے میں ہے۔

د علی آم کھاتا تھا۔

علی آم کھاتا ہے۔

ہ اسلم کے پاس ایک گائے تھی۔

اسلم کے پاس ایک گائے ہے۔

و لڑکے فٹ بال کھیلتے تھے۔

لڑکے فٹ بال کھیلتے ہیں۔

سبق 6

# کہنا بڑوں کا مانو!

## مشق

**1** سوالوں کے جواب دیں۔

ا دو جہاں کی دولت کیا ہے؟

جواب: ماں باپ کی اطاعت دو جہاں کی دولت ہے۔

ب کن لوگوں کا حکم ماننے سے برکت حاصل ہوتی ہے؟

جواب: بڑوں کا حکم ماننے سے برکت حاصل ہوتی ہے۔

ج دنیا میں عزّت اور آخرت میں راحت کیسے ملتی ہے؟

جواب: ماں باپ کی اطاعت کرنے سے دنیا میں عزت اور آخرت میں راحت ملتی ہے۔

د چھوٹے بچّوں کی بہتری کس چیز میں ہوتی ہے؟

جواب: بڑوں کی مرضی میں ہی چھوٹے بچوں کی بہتری ہوتی ہے۔

ہ اس نظم کے شاعر کا نام لکھیں۔

جواب: مولانا الطاف حسین حالی۔

**2** نظم کے مطابق مصرعے مکمل کریں۔

ا چاہو اگر بڑائی ، کہنا __بڑوں__ کا مانو!

ب تم کو نہیں خبر کچھ اپنے __بُرے بھلے__ کی

ج) ہے بہتری اُسی میں جو ہے بڑوں کی مرضی

د) حکم اُن کا ماننے میں برکت ہے میری مانو!

ہ) ماں باپ کی اطاعت ہے دو جہاں کی دولت

**3 دیے گئے الفاظ کے جملے بنائیں۔**

| | |
|---|---|
| عقل | احمد بہت عقل مند انسان ہے۔ |
| دولت | ارسلان بہت دولت مند ہے۔ |
| دنیا | دنیا کی ہر چیز کا مالک اللہ تعالیٰ ہے۔ |
| اطاعت | ہمیں اللہ تعالیٰ کی اطاعت کرنی چاہیے۔ |
| سایہ | ہمارے سر پر بڑوں کا سایہ باعثِ رحمت ہے۔ |

**4 دیے گئے الفاظ پر اِعراب لگائیں اور درست تلفظ کے ساتھ پڑھیں۔**

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| دُنیا | عُقبیٰ | بَچّو | چھوٹی | بُرے |

**5 دیے گئے الفاظ کے شروع میں "نا" لگا کر نئے الفاظ بنائیں۔**

ا) کام ناکام

ب) ساز ناساز

ج) اُمید نااُمید

د) دان نادان

## قواعدِ زبان

دیے گئے جملوں میں ختمہ (۔) سوالیہ نشان (؟) اور سکتہ (،) کا استعمال کریں۔

ا کپاس، گندم، چاول اور گنا پاکستان میں اُگائے جاتے ہیں۔

ب کیا تم میرے ساتھ کھیلو گے؟

ج عادل کہانی لکھ رہا ہے۔

د علی، حسن، حمزہ، شاہد اور فیضان اچھے دوست ہیں۔

ہ کالے بادل چھائے ہوئے ہیں۔

سبق 7

# صحرا کی سیر

## مشق

1 سوالوں کے جواب دیں۔

ا صحرا میں بہار کا موسم کب ہوتا ہے؟

جواب: صحرا میں بارشیں بہت کم ہوتی ہیں۔ اس لیے جب بارش ہوتی ہے تو لوگ خوشیاں مناتے ہیں۔ صحرا میں بہار کا موسم برسات میں ہی ہوتا ہے۔

ب جونرا کسے کہتے ہیں؟

جواب: صحرا کے لوگ جھونپڑیوں میں رہتے ہیں۔ اِن جھونپڑیوں کو ''جونرا'' کہا جاتا ہے۔

ج بیر بہوٹی کسے کہتے ہیں؟

جواب: صحرا میں برسات کے بعد چھوٹے سے نرم و نازک سرخ رنگ کے کیڑے نکل آتے ہیں۔ یہ مخمل کے خوب صورت کپڑے کی طرح ہوتا ہے۔ اس کیڑے کو ''بیر بہوٹی'' کہتے ہیں۔ اس کی اصل خوب صورتی اس کا گہرا سرخ رنگ اور مخمل کی طرح کا نرم و نازک جسم ہے۔

د سُرخ مخملی کیڑے کی دوسری قسم کون سی ہے؟

جواب: سُرخ مخملی کیڑے کی ایک اور قسم بھی ہوتی ہے جس کا سارا جسم سُرخ رنگ کا ہوتا ہے لیکن اس پر سیاہ گول دائرے ہوتے ہیں۔ عام طور پر یہ چھوٹی مکڑی جتنا ہوتا ہے۔ دوسرے کیڑوں کی طرح اس کا بھی سر، دھڑ اور چھے ٹانگیں ہوتی ہیں۔ یہ کیڑے صحرائی علاقوں میں پائے جاتے ہیں۔

ہ بیر بہوٹی کے دو فائدے لکھیں۔

جواب: بیر بہوٹی کو بہت سی دواؤں میں بھی استعمال کیا جاتا ہے۔ان کے تیل میں اللہ تعالیٰ نے بڑی شفا رکھی ہے۔

جوڑوں کے درد کے علاج کے لیے اِن کا تیل بہت فائدہ مند ہوتا ہے۔

**2** دیے گئے درست جملے پر (✓) اور غلط پر (✗) کا نشان لگائیں۔

ا احمد پہلی مرتبہ چچا جان کے گھر گیا۔ ✓

ب صحرا میں لوگوں کے جھونپڑے چوکور اور بہت خوب صورت ہوتے ہیں۔ ✗

ج احمد کو چھوٹے سُرخ کیڑے بہت بُرے لگے۔ ✗

د بیر بہوٹی صحرائی علاقوں میں پائے جاتے ہیں۔ ✓

ہ جوڑوں کے درد کے لیے بیر بہوٹی کا تیل بہت مفید ہوتا ہے۔ ✓

**3** درست اِملا والے الفاظ کے گرد دائرہ لگائیں۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| سحرا | (صحرا) | قیڑا | (کیڑا) | جونزا | (جونرا) / جونرہ |
| مالومات | (معلومات) | خوب سورت | (خوب صورت) | ھیران | (حیران) |

**4** دیے گئے الفاظ کے جملے بنائیں۔

| | |
|---|---|
| خوشی | عید مسلمانوں کے لیے خوشی کا دن ہوتا ہے۔ |
| سیر | حمزہ کے دوستوں نے چھٹی والے دن سیر کا پروگرام بنایا۔ |
| تلاش | احمد نے سارے گھر میں اپنی کتاب تلاش کی مگر وہ نہ ملی۔ |
| معلومات | کمپیوٹر معلومات کا اہم ذریعہ ہے۔ |
| خوب صورت | باغ کا منظر بہت خوب صورت ہے۔ |

# قواعدِ زبان

دیے گئے الفاظ کی مدد سے خط کشیدہ الفاظ کے مترادف لکھ کر جملے دوبارہ لکھیں۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| بوڑھے | پیڑ | اندھیرے | آواز | ثواب |

ا یہ آم کا درخت ہے۔ — یہ آم کا پیڑ ہے۔

ب فقیر نے دروازے پر صدا لگائی۔ — فقیر نے دروازے پر آواز لگائی۔

ج تاریکی میں دیکھنا مشکل ہے۔ — اندھیرے میں دیکھنا مشکل ہے۔

د نیکی کرنے سے اجر ضرور ملتا ہے۔ — نیکی کرنے سے ثواب ضرور ملتا ہے۔

ہ میرے والد صاحب ضعیف ہو چکے ہیں۔ — میرے والد صاحب بوڑھے ہو چکے ہیں۔

دیے گئے الفاظ میں سے اسم کے گرد دائرہ لگائیں۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| کتاب | گھر | دوڑا | کھیلو | احمد |
| پھول | مسجد | اُٹھتا | محنتی | پھل |
| کام | جنگل | پاکستان | بنائی | ریل گاڑی |

سبق 8

# حضرت خدیجہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہَا

## مشق

1 سوالوں کے جواب دیں۔

ا حضرت خدیجہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہَا کیسے گھرانے سے تعلق رکھتی تھیں؟

جواب: حضرت خدیجہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہَا مکّہ کے ایک عزّت دار اور مال دار گھرانے سے تعلق رکھتی تھیں۔

ب حضرت خدیجہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہَا کس لقب سے مشہور تھیں؟

جواب: حضرت خدیجہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہَا اپنی شرافت اور پاکیزہ کردار کی وجہ سے ''طاہرہ'' کے لقب سے مشہور تھیں۔

ج حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ سے شادی کے وقت حضرت خدیجہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہَا کی عمر کیا تھی؟

جواب: حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ سے شادی کے وقت حضرت خدیجہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہَا کی عمر چالیس سال تھی۔

د حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ نے حضرت خدیجہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہَا کے بارے میں کیا اِرشاد فرمایا؟

جواب: آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ نے حضرت خدیجہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہَا کے بارے میں ارشاد فرمایا: ''حضرت خدیجہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہَا تب ایمان لائیں جب سب لوگ کافر تھے۔ اُنھوں نے اُس وقت میری تصدیق کی جب سب نے مجھے جھٹلایا۔ اُنھوں نے اپنا مال مجھ پر اُس وقت قربان کیا جب دوسروں نے مجھے محروم رکھا۔''

ہ حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ نے کس سال کو غم کا سال قرار دیا؟

جواب: جس سال حضرت خدیجہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنۡہَا اور حضرت ابو طالب نے وفات پائی حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ نے اس سال کو ''عام الحزن''، یعنی غم کا سال قرار دیا۔

## 2 خالی جگہ پُر کریں۔

ا حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا مکّہ کے ایک عزّت دار اور مال دار گھرانے سے تعلق رکھتی تھیں۔

ب حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا ایک غلام میسرہ سفرِ شام میں حضرت محمد صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ کے ساتھ تھا۔

ج حضرت محمد صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ پر چالیس سال کی عمر میں پہلی وحی غارِ حرا میں نازل ہوئی۔

د کفارِ مکّہ نے حضرت محمد صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ پر طرح طرح کے ظلم کیے۔

## 3 دیے گئے الفاظ کے جملے بنائیں۔

| | |
|---|---|
| منافع | احمد کو کاروبار میں بہت منافع ہوا۔ |
| شہرت | حضرت محمد صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ کے اخلاق کی شہرت پورے عرب میں پھیلی ہوئی تھی۔ |
| پیغام | حضرت محمد صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ نے ہمیں حق کا پیغام پہنچایا۔ |
| راہ | یا اللہ ہمیں سیدھی راہ پر چلنے کی توفیق دے۔ |
| دل و جان | پاکستان ہمیں اپنے دل و جان سے پیارا ہے۔ |

## 4 دیے گئے الفاظ پر اِعراب لگائیں اور درست تلفّظ کے ساتھ پڑھیں۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| عُروج | مُتاثِر | قُبول | مَشورہ | مَحرُوم |

## 5 دُرست جملے کے سامنے (✓) اور غلط جملے کے سامنے (✗) کا نشان لگائیں۔

ا حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا تب ایمان لائیں جب سب لوگ کافر تھے۔ ✓

ب حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سامانِ تجارت شام لے جانے کی درخواست کی۔ ✓

ج حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو نکاح کا پیغام بھجوایا۔ ✓

د حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے دوسری وحی پر حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو تسلّی دی۔ ✗

ہ حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے 63 سال کی عمر میں مکّہ مکرمہ میں وفات پائی۔ ✗

## قواعدِ زبان

دیے گئے جملوں میں خط کشیدہ مذکر کی مونث لکھ کر جملہ مکمل کریں۔

ا ماموں اور ممانی ہمارے گھر آئے۔

ب بندر اور بندریا کیلے کھا رہے ہیں۔

ج لڑکا اور لڑکی سکول جا رہے ہیں۔

د نوکر اور نوکرانی گھر کی صفائی کر رہے ہیں۔

سبق 9

# چُنّا مُنّا

## مشق

**1** سوالوں کے جواب دیں۔

ا چُنّا مُنّا کون تھے؟

جواب: چُنّا مُنّا دو چوزے تھے۔

ب چُنّا مُنّا کی رنگت کیسی تھی؟

جواب: چُنّا مُنّا کی رنگت بھوری تھی۔

ج چُنّا مُنّا کی آنکھیں کیسی تھیں؟

جواب: چُنّا مُنّا کی آنکھیں کالی تھیں۔

د چُنّا مُنّا کیسے بولتے تھے؟

جواب: چُنّا مُنّا چوں چوں کرتے تھے۔

ہ اِس نظم کی شاعرہ کا نام لکھیں۔

جواب: تسنیم سراج سحر۔

**2** نظم کے مطابق مصرعے مکمل کریں۔

ا ننّھے مُنّے دو ......چوزے......

ب دوسرا بالکل ......منا...... تھا

ج بِلّی مانو ............تکتی............ جائے　　　　د آنکھیں ان کی ............کالی کالی............

## 3 نظم کے مطابق صحیح جواب پر دائرہ لگائیں۔

ا چُنّا اور مُنّا کیا کھاتے تھے؟

- کیک
- مٹھائی
- رس ملائی
- دانا دُنکا

ب بِلّی مانو کہاں بیٹھی تھی؟

- چھت پر
- زمین پر
- میز پر
- کُرسی پر

ج بِلّی مانو کو بھگانے کے لیے کون ڈنڈا لے کر آیا؟

- دادا جان
- نوکر
- ابّو جان
- بھیّا

د بِلّی مانو چوزوں کے ساتھ کیا کرتی تھی؟

- ڈراتی تھی
- بھگاتی تھی
- رُلاتی تھی
- ہنساتی تھی

## 4 ہم آواز الفاظ بنائیں۔ جیسے: چُنّا، مُنّا

نام ............کام............　　　　آگے ............جاگے............

آئے ............لائے............　　　　پِھرتے ............گرتے............

## 5 الفاظ کی ترتیب درست کر کے مصرعے دوبارہ لکھیں۔

ا تھا کا ایک نام چُنّا تو　　............ایک کا نام تو چنا تھا............

ب جائے مانو دوڑی بلّی　　............بلی مانو دوڑی جائے............

ج کالی ان کالی کی آنکھیں　　............آنکھیں ان کی کالی کالی............

د بیٹھی پر لگائے چھت گھات

چھت پر بیٹھی گھات لگائے ..............................

ہ مانو تکتی بلّی جائے

بلی مانو تکتی جائے ..............................

## قواعدِ زبان

دیے گئے الفاظ کے متضاد الفاظ لکھیں۔

| الفاظ | خوشی | گرم | جوان | دھوپ | سردی |
|---|---|---|---|---|---|
| متضاد الفاظ | غم | ٹھنڈا | بوڑھا | چھاؤں | گرمی |

سبق 10

# ہمدردی کا صِلہ

## مشق

**1** سوالوں کے جواب دیں۔

ا افضل کا اکرم کے ساتھ خلوص کیسا تھا؟

جواب: افضل اور اکرم میں بہت اتفاق تھا اور وہ ایک دوسرے کا بہت خیال رکھتے تھے۔ دونوں بھائی بہت محنتی تھے۔ دونوں بھائی ایک دوسرے کی ضرورتوں کا بہت خیال رکھتے تھے۔ اِن دونوں کا ایک دوسرے کے لیے خلوص مثالی تھا۔ گاؤں کے تمام لوگ اُن کے خلوص کی تعریف کرتے تھے۔

ب بڑا بھائی اپنی فصل چھوٹے بھائی کے کھیت میں کیوں پھینک رہا تھا؟

جواب: بڑا بھائی اپنی فصل چھوٹے بھائی کے کھیت میں اس لیے پھینک رہا تھا کیونکہ اس سال چھوٹے بھائی کی فصل اچھی نہیں ہوئی، وہ ضرورت مند تھا۔ اسے اپنی ضرورتیں پوری کرنے کے لیے رقم کی ضرورت تھی۔ اس لیے بڑا بھائی اپنی فصل چھوٹے بھائی کے کھیت میں رکھ رہا تھا۔ چھوٹا بھائی اس فصل کو شہر لے جا کر بیچے گا اور اسے اچھا معاوضہ مل جائے گا۔

ج بزرگ دونوں بھائیوں کی کس بات سے متاثر ہوئے؟

جواب: بزرگ دونوں بھائیوں کا ایک دوسرے کے لیے خلوص، محبت اور ہمدردی کا جذبہ دیکھ کر بے حد متاثر ہوئے۔

د بزرگ نے دونوں بھائیوں کے لیے کیا دُعا کی؟

جواب: بزرگ نے دونوں بھائیوں کے لیے اللہ تعالیٰ سے دُعا کی ”یا اللہ! اِن کے خلوص کو قبول فرما اور اِنھیں خوشحال کر دے!“

**2** خالی جگہ پُر کریں۔

ا افضل اور اکرم بہت ___محنتی___ تھے۔

ب جب چھوٹا بھائی شہر جا کر فصل بیچے گا تو اُسے اچھا ___معاوضہ___ مل جائے گا۔

ج اللہ تعالیٰ نے بزرگ کی دُعا ___قبول___ فرمائی۔

د افضل اور اکرم اپنے ___مال___ سے گاؤں کے غریب لوگوں کی مدد کرنے لگے۔

## قواعدِ زبان

دیے گئے واحد کو ان کی درست جمع سے ملائیں۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| واحد | پتّا | کمرا | ستارہ | ڈبّا | بیٹا |
| جمع | ستارے | پتّے | بیٹے | کمرے | ڈبّے |

سبق 11

# فاطمہ جناح

## مشق

1 سوالوں کے جواب دیں۔

ا محترمہ فاطمہ جناح کی پیدائش کب اور کہاں ہوئی؟

**جواب:** مادرِ ملّت محترمہ فاطمہ جناح 31 جولائی 1893ء کو کراچی میں پیدا ہوئیں۔

ب محترمہ فاطمہ جناح کون تھیں؟

**جواب:** محترمہ فاطمہ جناح قائدِاعظم رَحمۃُ اللہِ تعالیٰ علیہ کی چھوٹی بہن تھیں۔

ج والد کی وفات کے بعد محترمہ فاطمہ جناح کی پرورش کس نے کی؟

**جواب:** محترمہ فاطمہ جناح بہت چھوٹی تھیں کہ سر سے والد کا سایہ اُٹھ گیا۔ اس مشکل وقت میں آپ کے بھائی محمد علی جناح رَحمۃُ اللہِ تعالیٰ علیہ نے اپنی بہن کے سر پر دستِ شفقت رکھا اور ان کی نگرانی اور دیکھ بھال کا ذمہ اُٹھایا۔

د محترمہ فاطمہ جناح نے قائدِاعظم رَحمۃُ اللہِ تعالیٰ علیہ کی مدد کیسے کی؟

**جواب:** محترمہ فاطمہ جناح نے اپنے بھائی کا ساتھ دینے کے لیے سیاست میں آنے کا فیصلہ کیا۔

انھوں نے سیاست میں محض اس لیے سخت محنت کی کہ اپنے بھائی کے کام میں ان کا ساتھ دے سکیں۔

1937ء میں آل انڈیا مسلم لیگ کا ایک سالانہ اجلاس لکھنؤ میں منعقد ہوا۔ آپ نے اِس جلسے میں شرکت کی اور آپ آل انڈیا مسلم لیگ کونسل کی مستقل رکن بنیں۔

ہ محترمہ فاطمہ جناح نے کب وفات پائی؟

جواب: محترمہ فاطمہ جناح کی صحت خراب رہنے لگی اور 9 جولائی 1967ء کو آپ وفات پا گئیں۔

## 2 خالی جگہ پُر کریں۔

ا محترمہ فاطمہ جناح قائدِاعظم رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی چھوٹی بہن تھیں۔

ب محترمہ فاطمہ جناح نے دندان سازی کی سند حاصل کی۔

ج محترمہ فاطمہ جناح نے اپنے بھائی کا ساتھ دینے کے لیے سیاست میں آنے کا فیصلہ کیا۔

د محترمہ فاطمہ جناح کو مادرِ ملّت کا خطاب دیا گیا۔

## قواعدِ زبان

دیے گئے جملوں کو استفہامی جملوں میں تبدیل کریں۔

ا بارش ہو رہی ہے۔

کیا بارش ہو رہی ہے؟

ب عابد کرکٹ کھیل رہا ہے۔

عابد کیا کھیل رہا ہے؟

ج وہ سکول جاتا ہے۔

کیا وہ سکول جاتا ہے؟

د سارہ رو رہی ہے۔

سارہ کیوں رو رہی ہے؟

ہ ہم میچ جیتے گے۔

کیا ہم میچ جیتیں گے؟

و مالی پودوں کو پانی دیتا ہے۔

کیا مالی پودوں کو پانی دیتا ہے؟

سبق 12

# اچھّی باتیں

## مشق

**1** سوالوں کے جواب دیں۔

ا پانی کیسے پینا چاہیے؟

**جواب:** پانی ہمیشہ بیٹھ کر سیدھے ہاتھ سے اور تین سانس میں پینا چاہیے۔

ب اگر کوئی سو رہا ہو تو ہمیں کیا کرنا چاہیے؟

**جواب:** اگر کوئی سو رہا ہو تو ہمیں اس کے آرام کا خیال رکھنا چاہیے۔

ج جب کوئی مدد کرے تو جواب میں کیا کہنا چاہیے؟

**جواب:** اگر کوئی مدد کرے تو اس کے جواب میں 'جزاک اللّٰہ' کہنا چاہیے۔

د اگر ہم سے کوئی غلطی ہو جائے تو کیا کرنا چاہیے؟

**جواب:** ہمیں فوراً معافی مانگ لینی چاہیے۔

ہ ہمیں سڑک کہاں سے پار کرنی چاہیے؟

**جواب:** ہمیں زیبرا کراسنگ سے سڑک پار کرنی چاہیے۔

**2** خالی جگہ پُر کریں۔

ا سکول سے گھر آتے ہی ..........یونیفارم.......... تبدیل کرنا چاہیے۔

ب جھوٹ بولنا بہت ..........بری.......... بات ہے۔

ج ہمیں ......چیخ...........کر بات نہیں کرنی چاہیے۔

د ہمیں کسی کا .........مذاق.........نہیں اُڑانا چاہیے۔

ہ ہمیں دوسروں کے ساتھ .....مل جل.....کر رہنا چاہیے۔

**3 درست جملے پر (✓) اور غلط جملے پر (✗) کا نشان لگائیں۔**

| | |
|---|---|
| ا ہمیں اپنے چھوٹے اور بڑے بہن بھائیوں سے پیار سے رہنا چاہیے۔ | ✓ |
| ب ہمیں دوسروں کا نام بگاڑنا چاہیے۔ | ✗ |
| ج ہمیں پڑھائی میں دوستوں کی مدد نہیں کرنی چاہیے۔ | ✗ |
| د ہمیں دوسروں سے چیخ کر بات نہیں کرنی چاہیے۔ | ✓ |
| ہ ہمیں سڑک ہمیشہ زیبرا کراسنگ سے پار کرنی چاہیے۔ | ✓ |

**4 دیے گئے الفاظ کے جملے بنائیں۔**

| | |
|---|---|
| آرام | ہمیں دوسروں کے آرام کا خیال رکھنا چاہیے۔ |
| عزّت | ہمیں اپنے والدین کی عزت کرنی چاہیے۔ |
| جُھوٹ | جھوٹ بولنا بری عادت ہے۔ |
| خوش | بچے چڑیا گھر کی سیر کر کے خوش ہو گئے۔ |
| مدد | دوسروں کی مدد کرنا اچھی عادت ہے۔ |

# قواعدِ زبان

دیے گئے استفہامی جملوں کو اقراری اور انکاری جملوں میں تبدیل کریں۔

| | استفہامی جملے | اقراری جملے | انکاری جملے |
|---|---|---|---|
| ا | کیا آپ سکول جاتے ہیں؟ | جی ہاں! ہم سکول جاتے ہیں۔ | ہم سکول نہیں جاتے ہیں۔ |
| ب | کیا آپ طالب علم ہیں؟ | جی ہاں! ہم طالب علم ہیں۔ | ہم طالب علم نہیں ہیں۔ |
| ج | کیا وہ سچ بول رہا ہے؟ | جی ہاں! وہ سچ بول رہا ہے۔ | وہ سچ نہیں بول رہا ہے۔ |
| د | کیا آپ فٹ بال کھیلتے ہیں؟ | جی ہاں! ہم فٹ بال کھیلتے ہیں۔ | ہم فٹ بال نہیں کھیلتے ہیں۔ |
| ہ | کیا احمد نے کھانا کھا لیا ہے؟ | جی ہاں! احمد نے کھانا کھالیا ہے۔ | احمد نے کھانا نہیں کھایا ہے۔ |

سبق 13

# گرمی کا موسم

## مشق

**1** سوالوں کے جواب دیں۔

ا نظم میں کس موسم کے بارے میں بتایا گیا ہے؟

جواب: نظم میں گرمی کے موسم کے بارے میں بتایا گیا ہے۔

ب سردی کو کس نے بھگایا؟

جواب: فطرت نے سردی کو بھگایا۔

ج نظم کے مطابق کس پھل نے دِل کو لُبھایا؟

جواب: آم نے دِل کو لبھایا۔

د آموں کا ذائقہ کیسا ہوتا ہے؟

جواب: آموں کا ذائقہ میٹھا ہوتا ہے۔

ہ گرمی کے موسم میں سب کو کس سے اُلفت ہوتی ہے؟

جواب: سب کو چھاؤں سے الفت ہوتی ہے۔

و اِس نظم کے شاعر کا نام لکھیں۔

جواب: تنویر پھول۔

**2** نظم کے مطابق مصرعے مکمل کریں۔

ا دیکھو موسم ......گرما...... آیا

ب موسم کی پلٹی ہے ......کایا......

ج چھاؤں سے ہے سب کو ......اُلفت......

د اِس پھل نے ہے ......دِل......کو لُبھایا

**3** نظم کے مطابق صحیح جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔

ا گرمی کے موسم کے آنے کا کس نے بتایا؟

- اخبار نے
- ٹیلی ویژن نے
- دُھوپ نے
- چھاؤں نے

ب کون سا پھل گرمی میں دِل کو لُبھاتا ہے؟

- انار
- سیب
- آم
- آڑو

ج گرمی میں سب نفرت کرتے ہیں:

- چھاؤں سے
- دُھوپ سے
- برف سے
- ٹھنڈی ہوا سے

د گرمی کے آنے سے کس کی کایا پلٹ گئی؟

- موسم کی
- مُلک کی
- لوگوں کی
- پھلوں کی

**4** الفاظ کو ان کے معانی سے ملائیں۔

| الفاظ | فطرت | کایا | رسیلے | لُبھایا | اُلفت |
|---|---|---|---|---|---|
| معانی | حالت | رَس بھرے | قُدرت | محبّت | پسند آیا |

**5** دیے گئے الفاظ کے جملے بنائیں۔

| | |
|---|---|
| موسم | پاکستان میں چار موسم آتے ہیں۔ |
| دُھوپ | بارش کے بعد تیز دھوپ نکل آئی۔ |
| فِطرت | پیار محبت سے رہنا فاطمہ کی فطرت میں شامل ہے۔ |
| میٹھے | مجھے میٹھے آم بہت پسند ہیں۔ |
| چھاؤں | درختوں کی چھاؤں میں بیٹھنا سب کو پسند ہے۔ |

## قواعدِ زبان

**6** دیے گئے جملے ''ہے'' اور ''ہیں'' کی مدد سے مکمل کریں۔

ا ثنا گُڑیا سے کھیل رہی ............ہے............ ۔

ب ہم آنکھ مچولی کھیل رہے ............ہیں............ ۔

ج بلّی دیوار پر بیٹھی ............ہے............ ۔

د علی کھانا کھاتا ............ہے............ ۔

ہ جانور جنگل میں رہتے ............ہیں............ ۔

و احمد کتاب پڑھتا ............ہے............ ۔

سبق 14

# قانون کا احترام

## مشق

1 سوالوں کے جواب دیں۔

ا قانون کی خلاف ورزی کرنا کیسی بات ہے؟

جواب: قانون کی خلاف ورزی کرنا اچھّی بات نہیں ہے۔

ب گھر کا ماحول کیسے اچھّا رہتا ہے؟

جواب: گھر کے نظام کو بہتر انداز میں چلانے کے لیے ماں باپ کچھ خاص اُصول اپنا لیتے ہیں۔ سب بچّے اِن اُصولوں پر عمل کرتے ہیں۔ اِس طرح گھر کا ماحول اچھّا رہتا ہے۔

ج حکومت قانون کیوں بناتی ہے؟

جواب: حکومت لوگوں کی آسانی اور حفاظت کے لیے قانون بناتی ہے۔

د سڑکوں پر زیبرا کراسنگ کیوں بنایا جاتا ہے؟

جواب: پیدل چلنے والوں کے لیے سڑک عبور کرنے کے لیے زیبرا کراسنگ بنایا جاتا ہے۔

2 صحیح جواب پر دائرہ لگائیں۔

ا گاڑیاں چلنے کے لیے تیار ہو جاتی ہیں جب ......پیلی...... بتّی جلے۔

- سُرخ
- پیلی
- سبز
- سرخ اور سبز

ب گھر کے نظام کو بہتر چلانے کے لیے اُصول مقرر کرتے ہیں:

- ماں باپ
- رشتہ دار
- بچّے
- ہمسائے

ج حکومت لوگوں کی حفاظت کے لیے بناتی ہے:

- قانون
- سڑک
- گھر
- عمارتیں

## قواعدِ زبان

دیے گئے خط کشیدہ الفاظ کو ''امالہ'' کے لحاظ سے درست کریں اور جملے دوبارہ لکھیں۔

ا تَوا پر روٹی ہے۔

توے پر روٹی ہے۔

ب چوزہ کو دانہ کھلاؤ۔

چوزے کو دانہ کھلاؤ۔

ج لڑکا کو کھانا دو۔

لڑکے کو کھانا دو۔

د محلہ کی صفائی ضروری ہے۔

محلے کی صفائی ضروری ہے۔

ہ بچہ کو کھلونا دو۔

بچے کو کھلونا دو۔

و لڑکا گھوڑا پر سوار ہے۔

لڑکا گھوڑے پر سوار ہے۔

سبق 15

# وطن کے محافظ

## مشق

1 سوالوں کے جواب دیں۔

ا ہر ملک کی سرحدوں کی حفاظت کس کی ذمہ داری ہے؟

جواب: ہر ملک کی سرحدوں کی حفاظت اُس ملک کی فوج کی ذمہ داری ہے۔

ب پاکستانی فوج کا شمار دنیا کی کیسی افواج میں کیا جاتا ہے؟

جواب: پاکستانی فوج کا شمار دنیا کی بہادر افواج میں ہوتا ہے۔

ج بھارتی فوج نے کب اور کیسے ہمارے ملک پر حملہ کیا؟

جواب: 6 ستمبر کی صبح ہمسایہ ملک بھارت کی فوج نے ہماری پاک سرزمین پر بُری نیت سے قدم رکھا تو اس وقت ہماری فوج کے ایک ایک جوان نے جس بہادری اور دلیری سے دشمنوں کو شکست دی اُس کی مثال پوری دنیا کی تاریخ میں ملنا مشکل ہے۔

د ہماری فوج نے دشمن کے بزدلانہ حملے کا جواب کیسے دیا؟

جواب: ہمارے دشمن نے نہتے دیہاتیوں پر ٹینکوں اور توپوں سے گولے برسانے شروع کر دیے۔ دشمن کی اس بزدلانہ چال کے جواب میں ہماری بہادر فوج میدانِ جنگ میں پہنچ گئی اور نعرۂ تکبیر اللہ اکبر کہتے ہوئے دشمن پر ٹوٹ پڑی اور اس بہادری سے مقابلہ کیا کہ بزدل دشمن اپنا سازوسامان بھی میدان میں چھوڑ کر بھاگ گئے۔

ہ پاک فوج کی بہادری پر تین جملے لکھیں۔

جواب: (1) ہماری پاک فوج بہت بہادر، دلیر اور نڈر ہے۔

(2) ہمارے ملک میں اگر کوئی مشکل آن پڑے تو ہماری فوج ایک لمحہ ضائع کیے بغیر فوراً مدد کو پہنچتی ہے۔

(3) ہماری پاک فوج دشمنوں سے ڈٹ کر مقابلہ کرتی ہے۔

**2** خالی جگہ پُر کریں۔

ا کسی بھی ملک کی سرحدوں کی حفاظت اس ملک کی ___فوج___ کرتی ہے۔

ب ہماری حفاظت کے لیے ___سرحد___ پر ہمارے بہادر فوجی پہرا دیتے ہیں۔

ج پاکستانی فوج بہت ___بہادر___ اور ___نڈر___ ہے۔

د پاکستانی فوج کی بہادری کی ایک مثال ___1965ء___ کی جنگ ہے۔

ہ دشمن کی ___بزدلانہ___ چال کے جواب میں ہماری بہادر فوج میدانِ جنگ میں پہنچ گئی۔

**3** درست املا والے الفاظ کے گرد دائرہ لگائیں۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| پہرا (circled) | پہرہ | فتح (circled) | فتحہ | حفاضت | حفاظت (circled) |
| شکست (circled) | شکصت | زلزلا | زلزلہ (circled) | ضایا | ضائع (circled) |

**4** دیے گئے الفاظ کے جملے بنائیں۔

| | |
|---|---|
| حفاظت | ہمارے ملک کی حفاظت کے لیے سرحد پر ہماری پاک فوج پہرا دے رہی ہے۔ |
| ہمسایہ | ایران ہمارا ہمسایہ ملک ہے۔ |
| شکست | پاک فوج نے دشمن کو ہر میدان میں شکست دی۔ |
| بہادری | ہمیں پاک فوج کی بہادری پر فخر ہے۔ |
| دشمن | پاک فوج ڈٹ کر دشمن کا مقابلہ کرتی ہے۔ |

**5** دیے گئے حروف کو ملا کر الفاظ بنائیں۔

ب ز د ل — بزدل
م ے د ا ن — میدان

د ش م ن — دشمن
س پ ا ہ ی — سپاہی

ح ے ر ت — حیرت
ب ہ ا د ر — بہادر

## قواعدِ زبان

درست اسمِ ضمیر لکھ کر خالی جگہ پُر کریں۔

| اُس | ہمیں | وہ | میرے |
|---|---|---|---|

ا) میرے والد استاد ہیں۔

ب) نانی جان نے ہمیں کہانی سنائی۔

ج) عالیہ میری دوست ہے۔ وہ بہت محنتی ہے۔

د) عائشہ میری ہم جماعت ہے۔ اُس کی امّی ڈاکٹر ہیں۔

سبق 16

# لو آئی عید

## مشق

**1** سوالوں کے جواب دیں۔

ا سبھی کے دل کو کون سا سماں بھا گیا ہے؟

جواب: سبھی کے دل میں عید کا سماں بھا گیا ہے۔

ب عید کے موقعے پر بازار میں کیا کیا چیزیں نظر آتی ہیں؟

جواب: عید کے موقعے پر بازاروں میں بہت سی چیزیں نظر آتی ہیں۔ بچے بڑے سبھی عید کے موقعے پر خریداری کرتے ہیں۔ مختلف طرح کی مٹھائیاں خریدتے ہیں۔ بچے طرح طرح کے کھلونے خریدتے ہیں۔

ج دکانوں میں چراغوں کی بہار کیوں ہو رہی ہے؟

جواب: دکانوں میں چراغوں کی بہار اس لیے ہو رہی ہے کیوں کہ عید کا موقع ہے۔

د اس نظم کے شاعر کا نام لکھیں۔

جواب: نظیر اکبر آبادی۔

**2** نظم کے مطابق مصرعے مکمل کریں۔

ا ہر اِک طرف کو ___اُجالا___ ہوا ہے عید کا

ب کسی نے ___نقد___ لیا اور کوئی کرے ہے اُدھار

ج ہر اِک دُکاں میں ______چراغوں______ کی ہو رہی ہے بہار

## قواعدِ زبان

نیچے دیے گئے جملوں میں کچھ الفاظ پر دائرے لگے ہوئے ہیں۔ ان کو غور سے پڑھیں اور خالی جگہوں میں ان کے اُلٹ الفاظ لکھیں۔ مثلاً: آیان (بڑا) اور عادل چھوٹا ہے۔

ا سُورج (مشرق) سے نکلتا اور ......مغرب...... میں غروب ہوتا ہے۔

ب احمد (اداس) ہے لیکن سارہ ......خوش...... ہے۔

ج علی (صبح) گھر سے جاتا اور ......شام...... کو واپس آتا ہے۔

سبق 17

# آلُودگی

## مشق

1 سوالوں کے جواب دیں۔

ا آلودہ کا کیا مطلب ہے؟

جواب: ہر وہ گندی چیز جو کسی صاف چیز میں شامل ہو جائے اور اس کا استعمال انسانی صحت کے لیے نقصان دہ ہو، آلودہ کہلاتی ہے۔

ب ہوا کیسے آلودہ ہوتی ہے؟

جواب: انسانی ضروریات کی اشیا بنانے کے لیے کارخانے لگائے جاتے ہیں۔ اِن کارخانوں میں مختلف اقسام کی چیزیں بنتی ہیں۔ چیزیں بنانے کے لیے مختلف کیمیکلز کا استعمال کیا جاتا ہے۔ کارخانوں کی چمنیوں سے دُھواں نکل کر ہوا میں شامل ہو جاتا ہے اور ہوا آلودہ ہوجاتی ہے۔

ج شور کیسے پیدا ہوتا ہے؟

جواب: موٹر کاروں اور بسوں کے ہارن ، ٹیلی ویژن اور لاؤڈ اسپیکر کی اُونچی آواز کی وجہ سے شور پیدا ہوتا ہے۔

د درختوں کو کاٹنے سے ماحول کیسے آلودہ ہوتا ہے؟

جواب: ہم درختوں کو کاٹ کر جلاتے ہیں اور مختلف چیزیں بناتے ہیں اس سے ایک تو درجہ حرارت میں اضافہ ہوتا ہے اور دوسرا ہوا میں آلودگی بھی بڑھتی ہے۔

ہ ہم ماحول کو آلودگی سے پاک کرنے کے لیے کیا کر سکتے ہیں؟

جواب: ہمیں زندہ رہنے کے لیے صاف پانی اور تازہ ہوا کی ضرورت ہوتی ہے، لیکن ہم نے پانی اور ہوا کو صاف نہیں رہنے دیا۔ درخت اللہ تعالیٰ کی بہت بڑی نعمت ہیں۔ہمیں زیادہ سے زیادہ پودے اور درخت لگانے چاہییں۔ درختوں سے آلودگی کم ہوتی ہے۔گھروں کے استعمال شُدہ گندے پانی کو گلی محلے میں کُھلا نہیں چھوڑنا چاہیے۔حکومت کی طرف سے یہ کوشش ہونی چاہیے کہ فیکٹریاں اور کارخانے شہری آبادی سے دُور قائم کیے جائیں۔

## 2 خالی جگہ پُر کریں۔

ا انسانی ضرورت کی چیزیں بنانے کے لیے ......کارخانے...... لگائے جاتے ہیں۔

ب آلودہ پانی سے کھیتوں کو سیراب کیا جائے تو ......فصلیں...... تباہ ہو جاتی ہیں۔

ج کارخانے والوں کو چاہیے کہ ......زہریلے مادے...... زمین میں دبا دیں۔

د شور انسان کے لیے ......نقصان دہ...... ہے۔

ہ درخت اللہ تعالیٰ کی بہت بڑی ......نعمت...... ہیں۔

## 3 صحیح جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔

ا صاف پانی میں مٹی شامل ہو جائے تو وہ ......آلودہ...... ہو جائے گا۔

- صاف
- خالص
- پاک
- آلودہ

ب درخت کاٹنے سے کس چیز میں اضافہ ہوتا ہے؟

- خوب صُورتی
- صفائی
- آکسیجن
- درجہ حرارت

ج انسان کو زندہ رہنے کے لیے ضرورت ہوتی ہے:

- گندے پانی کی
- تازہ ہوا کی
- شوروغُل کی
- دولت کی

د درخت لگانے سے کس چیز میں کمی آتی ہے؟

- شور
- دھوئیں
- آلودگی
- مٹی

ہ گندے پانی میں پیدا ہوتے ہیں:

- مچھر
- کھٹمل
- سانپ
- مکوڑے

4 دی گئی تصویروں کو غور سے دیکھیں اور ہر تصویر کے بارے میں دو جملے لکھیں کہ کس طرح مختلف سرگرمیاں آلودگی کا باعث بنتی ہیں اور ان سے کیسے بچا جا سکتا ہے۔



پلاسٹک کا استعمال ماحولیاتی آلودگی کا سب سے بڑا مسئلہ ہے۔ دن بہ دن

ڈسپوزایبل پلاسٹک کا استعمال تیزی سے بڑھ رہا ہے۔ پلاسٹک بیگ کا استعمال



بھی عام ہو چکا ہے۔ ہمیں چاہیے کہ پلاسٹک کا استعمال کم سے کم کر کے ماحول

کو آلودہ ہونے سے بچائیں۔



فیکٹریوں سے نکلتا ہوا دھواں ہوا میں شامل ہو جاتا ہے۔ جس سے ہوا آلودہ ہو

جاتی ہے اور ہمارے لیے نقصان کا باعث ہے۔ حکومت کو چاہیے کہ فیکٹریاں

اور کارخانے شہری آبادی سے دور قائم کیے جائیں۔

# قواعدِ زبان

دیے گئے الفاظ کے آخر میں ''اں'' لگا کر جمع بنائیں۔

| | |
|---|---|
| لکڑی | لکڑیاں |
| پری | پریاں |

| | |
|---|---|
| سیڑھی | سیڑھیاں |
| بلّی | بلیاں |

| | |
|---|---|
| تتلی | تتلیاں |
| مرغی | مرغیاں |

سبق 18

# پیارا پیارا وطن

## مشق

**1** سوالوں کے جواب دیں۔

ا ہمارے وطن کا سماں کیسا ہے؟

**جواب:** ہمارے وطن کا سماں خوش نما ہے۔

ب ہمارا وطن کس کا ٹکڑا ہے؟

**جواب:** ہمارا وطن جنت کا ٹکڑا ہے۔

ج ہمارے وطن کے جنگل کیسے ہیں؟

**جواب:** ہمارے وطن کے جنگل سر سبز ہیں۔

د ہمارے وطن کے پہاڑ کیسے ہیں؟

**جواب:** ہمارے وطن کے پہاڑ جاں فزا ہیں۔

ہ ہمیں دِل و جاں سے کون پیارا ہے؟

**جواب:** ہمارا وطن ہمیں دل و جان سے پیارا ہے۔

**2** نظم کے مطابق مصرعے مکمل کریں۔

ا ہے ............جنت............ کا ٹکڑا ہمارا وطن

ب پہاڑ اس کے ہیں ............جاں فزا............ کس قدر

ج یہ باغوں کے ............منظر مہکتے ہوئے

د لہکتا مہکتا ہمارا ............وطن............

ہ ہے جنّت کا گویا............نظارہ وطن

3 دیے گئے الفاظ کے جملے بنائیں۔

| | |
|---|---|
| وطن | ہمیں اپنے وطن سے محبت کرنی چاہیے۔ |
| باغ | باغ میں رنگ برنگے پھول ہیں۔ |
| پہاڑ | کے ٹو پاکستان کا بلند ترین پہاڑ ہے۔ |
| محبّت | ہمیں ایک دوسرے کے ساتھ پیار و محبت سے رہنا چاہیے۔ |
| جنّت | ماں کے قدموں تلے جنت ہے۔ |

4 دُرست جملے پر (✓) اور غلط جملے پر (✗) کا نشان لگائیں۔

ا ہمارا وطن جنّت کا دروازہ ہے۔ ✗

ب ہمارے وطن کے باغوں کے منظر مہکتے ہوئے ہیں۔ ✓

ج ہمارا وطن بہت پیارا ہے۔ ✓

د ہمارے وطن کے جنگل ویران ہیں۔ ✗

ہ ہمیں اپنا وطن دِل و جان سے پیارا ہے۔ ✓

**5** الفاظ کے معانی لکھیں۔

| الفاظ | سہانا | جاں فزا | سماں | خوش نُما | نظارہ |
|---|---|---|---|---|---|
| معانی | دل پسند | دل خوش کرنے والا | موسم | خوب صورت | منظر |

## قواعدِ زبان

دیے گئے جملوں کو فعل مستقبل میں تبدیل کر کے دوبارہ لکھیں۔

ا میں سکول جاتا ہوں۔

میں سکول جاؤں گا۔

ب میرے ابو پھل لائے تھے۔

میرے ابو پھل لائیں گے۔

ج راشد لاہور گیا تھا۔

راشد لاہور جائے گا۔

د کل رات بارش ہوئی تھی۔

کل رات بارش ہو گی۔

ہ ہم لائبریری گئے تھے۔

ہم لائبریری جائیں گے۔

و علی نے بستہ خریدا۔

علی بستہ خریدے گا۔